نوٹر ڈیم ہائی اسکول میں داخلہ کے طریقۂ کار کے بارے میں والدین اور متعلقہ افراد سے صلاح و مشورہ

عزیز والدین / نگراں

گلاسگو سٹی کونسل پیر 18مارچ 2019 سے اتوار 26مئی 2019 تک نوٹر ڈیم ہائی اسکول میں مستقبل میں داخلہ کے طریقۂ کار کے بارے میں والدین اور متعلقہ افراد سے صلاح و مشورہ کا عمل شروع کر رہی ہے ۔ اس بارے میں پیش کی گئی مختلف آراء میں سے ایک تجویز یہ بھی ہے کہ مستقبل میں 'لڑکیوں کیلئے مخصوص ' اسکول کے انداز کو ختم کر دیا جائے اور اس کی بجائے مشترکہ نظام تعلیم کا آغاز کیا جائے ۔ اس ضمن میں صلاح و مشورہ کیلئے ایک آن لائن لنک بنا دیا گیا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہے ۔

http://www.glasgow.gov.uk/schoolconsultations

اس لنک کے ذریعے آپ کو تین اختیارات دیے گئے ہیں ۔ آپ اپنے منتخب کیے گئے اختیار کے ساتھ اپنا تبصرہ اور سفارشات بھی شامل کر سکتے ہیں ۔

یہ تین اختیارات درج ذیل ہیں۔

نمبر ا۔ موجودہ نظام : اسکول کو اسکی موجودہ حالت میں ہی رہنے دیا جائے ۔

نمبر ۲۔ موجودہ نظام لیکن رقبہ میں توسیع : اسکول کی موجودہ حالت کو برقرار رکھا جائے لیکن اس کے رقبہ میں توسیع کی جائے تاکہ مزید طالبات برائے راست اسکول آ سکیں ۔

نمبر ۳۔ اسکول کو مشترکہ نظام تعلیم میں تبدیل کر دیا جائے : اسکول میں طلباء (لڑکوں) کو داخلہ کی اجازت دی جائے جو کہ 2020 تک متوقع ہے ۔

نوٹر ڈیم والدین کونسل کا اتفاق تجویز نمبر ۲ ہے جس کے ساتھ یہ بھی تجویز کیا گیا ہے کہ سینٹ نینئن پرائمری اسکول کو نظرثانی شدہ اسکول ایریا کے ساتھ شامل ہونا چاہیے ۔ اس آراء کی بنیاد وہ حقائق ہیں جن کے مطابق ۹۵ فیصد طالبات کے والدین اور خیر خواہ پہلے ہی اس اسکول کے صرف لڑکیوں کیلئے مخصوص ہونے کے حق میں ہیں ۔

ہم نے آپ کو پچھلے سال ایک سوالنامہ بھیجا تھا جس میں آپ نے ہمیں بتایا تھا کہ آپ اس بات پر مکمل طور پر متفق ہیں کہ اسکول کا احاطہ بڑھایا جائے تاکہ طالبات مزید بہتر تعلیمی فوائد حاصل کر سکیں جو کہ فی الوقت حاصل نہیں ہیں ۔

گلاسگو سٹی کونسل نے ہمیں یقین دلایا ہے کہ اس صلاح و مشورہ کا انحصار صرف ووٹوں کی تعداد پر نہیں ہو گا بلکہ اس سلسلے میں لوگوں کے تبصروں اور دلائل کو زیادہ اہمیت دی جائے گی تاکہ یہ بات ثابت ہو سکے کہ یہ اسکول بچوں کو زیادہ بہتر اور مثبت انداز میں تعلیم مہیا کر سکتا ہے ۔

ہم آپ سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ اس اہم موقع پر آپ اپنی اور اپنے خاندان والوں کی آواز متعلقہ حکام تک ضرور پہنچائیں ۔ برائے مہربانی اپنا تبصرہ پیش کریں اور اپنی بچیوں کیلئے اسکاٹ لینڈ کے آخری صرف لڑکیوں کیلیئے مخصوص سیکنڈری اسکول کا انتخاب کر کے اسکو محفوظ کریں ۔آپ کے تبصرے اور خیالات اسکول کے مستقبل کیلئے اہم اور فیصلہ کن کردار ادا کر سکتے ہیں ۔

آپ اپنا تبصرہ اور آراء آن لائن شامل کرنے کے ساتھ ساتھ ذاتی طور پر برائے راست بھی دے سکتے ہیں ، اس مقصد کیلئے درج ذیل تین عوامی اجلاس کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں آپ اپنا تبصرہ اور آراء پیش کر سکتے ہیں ۔

نمبر ا۔ منگل 16اپریل شام 7بجے ۔ نوٹر ڈیم ہائی اسکول

نمبر ۲۔ جمعرات 25اپریل شام 7بجے ۔ سینٹ تھامس ایکوینس

نمبر ۳۔ منگل 7مئی شام 7بجے ۔ سینٹ روچ سیکنڈری

نوٹر ڈیم ہائی اسکول سماجی اور تہذیبی امتزاج کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیمی کارکردگی کا شاندار ریکارڈ رکھتا ہے جس پر ہم سب کو فخر ہے ۔ یہ اسکول نوجوان خواتین کو ہمت اور مدد فراہم کرتا ہے تاکہ وہ اپنی بہترین خوبیاں اجاگر کر سکیں ، اور یہ کام اس اسکول نے گزشتہ ۲۰ سالوں میں کامیابی کے ساتھ کیا ہے ۔ یہ اسکول اس وقت تقریباً بھر چکا ہے اور 78فیصد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں جو کہ اس بات کا ثبوت ہے کہ نوٹر ڈیم ہائی اسکول حقیقت میں اکثر خاندانوں کیلئے ایک مثبت انتخاب ہے ۔

برائے مہربانی نوٹر ڈیم ہائی اسکول کو لڑکیوں کیلئے مخصوص رکھنے میں ہمارا ساتھ دیں ۔ یہ ان خاندانوں کیلئے ایک بہترین انتخاب ہے جن کو اسکی اشد ضرورت ہے ۔

آپ کے مسلسل تعاون کا بہت شکریہ ۔

مشیل واٹ

چئیر ، نوٹر ڈیم ہائی اسکول پیرنٹس کونسل